**نسلی مساوات کے فروغ سے متعلق موجودہ اور مجوزہ اقدامات**

**ووکیشنل ٹریننگ کونسل**

ووکیشنل ٹریننگ کونسل (VTC) ہانگ کانگ کی سب سے بڑی پیشہ ورانہ اور پیشہ ور تعلیم و تربیت کی (VPET) فراہم کنندہ ہے۔ VTC صحت اور زندگی سے متعلق علوم ، کاروبار ، بچوں کی دیکھ بھال ، بزرگان کے لیے اور سماجی خدمات ، ڈیزائن ، انجینئرنگ ، مہمان نوازی اور انفارمیشن ٹیکنالوجی جیسے وسیع شعبوں پر محیط ملازمت سے پہلے اور ملازمت کے دوران تربیت کے جامع پروگرام پیش کرتا ہے اور ہانگ کانگ کی بنیادی اقتصادی شعبوں اور ابھرتی ہوئی صنعتوں کو مکمل مدد فراہم کرتا ہے۔

| | |
|---|---|
| متعلقہ خدمات | • VPET VTC پروگراموں کی ایک وسیع رینج پیش کرتا ہے۔ VPET کی خدمات کو کسی بھی نسل سے قطع نظر ہر کسی کے لیے قابل رسائی کو یقینی بنانے کے لیے ، مختلف نسل کے لوگوں کی ضروریات کو پورا کرنے پر خصوصی غور کیا گیا ہے۔ |
| موجودہ اقدامات | • <u>غیر چائینیز بولنے والے (NCS) طلباء کے لیے وقف کردہ (VPET) پروگرام</u><br>NCS VTC نوجوانوں اور بڑوں کو اپنی متعدد تربیتی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے وقف پروگرام پیش کرتا ہے۔ ان پروگراموں میں سیکنڈری سکول چھوڑنے والوں کے لیے بزنس ، ڈیزائن اور مہمان نوازی کے ڈپلومہ کورسز ، سینیئر سیکنڈری طلبہ کے لیے اپلائیڈ لرننگ کورسز ، غیر مشغول نوجوانوں کے لیے پیشہ ورانہ ترقیاتی پروگرام ، پیشہ ورانہ چینی اور پیشہ ورانہ مہارت کے مختصر کورسز شامل ہیں۔<br><br>• <u>چائینیز زبان کے متبادل قابلیت کی قبولیت</u><br>جہاں کسی پروگرام میں داخلے کے لیے ہانگ کانگ ڈپلومہ آف سیکنڈری ایجوکیشن (HKDSE)کے چینی زبان میں مخصوص معیار کی ضرورت ہوتی ہے ، وہاں چائینیز زبان کے متبادل قابلیت یا HKDSE اپلائیڈ لرننگ چینی نتائج پر غور کیا جائے گا۔ |

- <u>تعاون کی خدمات</u>

ملازمت سے قبل کے پروگراموں کے NCS طلباء کو مختلف معاون خدمات فراہم کی جاتی ہیں تاکہ انھیں مطالعہ سے بہتر نپٹنے اور کیمپس کی زندگی میں ڈھلنے میں مدد ملے۔ ان خدمات میں تعلیمی اور سیکھنے کی معاونت ، مقامی طلباء اور سماجی ہم آہنگی کو فروغ دینے کی سرگرمیاں اور بیانات اور کیریئر کی ترقی کے لیے ماہرانہ اور مشاورتی مدد شامل ہیں۔

مستقبل کے کام کا تعین

- VTC مساوات کی پالیسی کو برقرار اور اس کے فروغ کو جاری رکھے گا اور پیش کردہ پروگراموں کی مطابقت کو یقینی بنانے کے لیے متعدد نسل کے لوگوں کی خدمت کرنے والی غیر سرکاری تنظیموں اور سیکنڈری سکولوں کے ساتھ مل کر کام کرے گا۔

اضافی اقدامات کیے گئے/ جائیں گے

- اس کے سیکھنے اور کام کرنے والے ماحول میں نسلی مساوات کو فروغ دینے کے لیے ، VTC نے اپنے آپریشنل یونٹس کے ذریعہ حوالہ کے لیے رہنما اصول تیار کیے ہیں۔
- نسلی مساوات پر شعور اور حساسیت بڑھانے کے لیے عملے اور طلباء کے لیے تربیت اور شیئرنگ کے سیشن کا اہتمام جاری رہے گا۔
- VTC شمولیت کی ثقافت مختلف نسل کے طلباء کے مابین ہم آہنگی کو فروغ دینے کے لیے سرگرمیاں منظم کرتا رہے گا۔
- VTC کی وقف کمیٹی مذکورہ بالا اقدامات کے نفاذ پر نظر رکھے گی۔

نسلی مساوات کے فروغ سے متعلق موجودہ اور مجوزہ اقدامات کے بارے میں پوچھ گچھ کے لیے ، براہ کرم درج ذیل چینلز کے ذریعہ VTC کے سینیئر آفیسر / ہیڈ کوارٹر (تعلیمی خدمات) سے رابطہ کریں۔


ٹیلیفون نمبر : 2836 1758

فیکس نمبر : 2574 3705

ایمیل : vtchqas@vtc.edu.hk

ڈاک کا پتہ : 14/F VTC Tower, 27 Wood Road, Wanchai, Hong Kong

[نوٹ:

1. انگریزی میں اور دیگر زبانوں کے ورژن کے مابین کسی تضاد کی صورت میں ، انگریزی ورژن مانا جائے گا۔

2. VTC کے پروگراموں اور خدمات کے حصول کی پوچھ گچھ کے لیے ، انگریزی اور 8 دیگر زبانوں کے مابین عمومی ترجمانی / ترجمہ خدمات (یعنی بھاسا، انڈونیشیا ، ہندی ، نیپالی ، تگالوگ ، تھائی ، اردو ، ویتنامی اور پنجابی) درخواست پر دستیاب ہوں گی۔]

**ووکیشنل ٹریننگ کونسل**

**جون 2025**